روح اخبار

— یکم مئی:۔ حکومت نے ایک پریس نوٹ کے ذریعہ گیہوں پر کنٹرول کے احکام جاری کردیئے ہیں۔ جو آج سے نافذ ہونگے۔ یہ حکم گیہوں، گیہوں کے آٹے۔ میدہ۔ روا اور گندم کے آٹے کی دیگر اشیا پر عائد ہوگا۔ اس حکم کے ماتحت کوئی شخص ہندوستان کے گیہوں کے کمشنر کی بلا اجازت کسی صوبہ یا ریاست کے اندر گیہوں کی درآمد یا برآمد نہ کرسکے گا۔ (تیج ۳ ۵/۴۲ء)

— حکومت مدراس نے صوبہ کی لوکل باڈیز کو پٹرول کی بچت کیلئے یہ ہدایت کی ہے کہ وہ ایسی گاڑیاں کام میں لائیں جن کو بیل اور گھوڑے وغیرہ کھینچتے ہیں۔ اور جن گاڑیوں میں پٹرول وغیرہ استعمال ہوتا ہے آئندہ ان میں گیس استعمال کریں (انقلاب)

— ۴ مئی:۔ شناختی ٹھپے شہری آبادی کیلئے جاری کرنے کی اسکیم کی صوبجاتی گورنمنٹوں نے منظوری دی ہے۔ ایک ٹھپے کی قیمت صرف ۱ر ہوگی۔ ہوائی حملوں سے ہلاک ہونیوالوں کی شناخت ان ٹھپوں سے بآسانی ہوسکے گی۔ اور ان کے وارثوں کو معاوضہ طلب کرنے میں بھی آسانی ہوگی۔ پراونشل گورنمنٹوں کیلئے گورنمنٹ ہند کثیر تعداد میں ٹھپے تیار کرارہی ہے۔ یہ ٹھپے گلے میں بھی ڈالے جاسکتے ہیں اور کلائی پر بھی باندھے جاسکتے ہیں۔ (انصاری، ۵/۴۲ء)

— مدراس گورنمنٹ نے ایک حکم کی رو سے سوائے مدراس شہر کے سارے صوبہ میں لوگوں کو مکانات کے کرایہ بڑھانے کی ممانعت کردی ہے اور اس سے زیادہ کرایہ نہیں لیا جاسکے گا جتنا کہ میونسپلٹی کے رجسٹروں میں موجود ہے اور جو یکم اپریل سے بارہ ماہ پہلے تک وصول کیا جاتا رہا ہے۔ (〃)

— مہاراجہ کشمیر نے ایک پل کی تعمیر کیلئے ایک لاکھ دس ہزار روپیہ کی منظوری دی ہے (انقلاب)

— چٹاگاؤں کے سپرنٹنڈنٹ پولیس نے اعلان کیا ہے کہ اگر کوئی شخص موجودہ صورت حالات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے چوری۔ ڈکیتی۔ لوٹ مار۔ یا عصمت دری کرتا پایا گیا تو اس کے خلاف آرڈیننس ۳۔ سنہ ۴۲ء کے ماتحت مقدمہ کی سرسری بحث ہوگی۔ اگر جرم کی نوعیت سنگین ہوئی تو مجرم کو موت کی سزا دی جائیگی۔ (انصاری ۸ ۵/۴۲ء)

— سندھ گورنمنٹ کی طرف سے ایک اعلان جاری کیا گیا ہے جس میں یہ کہا گیا ہے کہ ہوائی جہازوں سے ہزاروں چھوٹے چھوٹے آتشگیر بموں کے گرائے جانے سے جگہ جگہ آگ لگجانا کراچی کیلئے خطرہ کا باعث بن سکتا ہے لہٰذا ریت کی بوریاں اور پانی سے بھری ہوئی بالٹیاں رکھی جائیں۔ تاکہ آتشگیر بم گرنے کی صورت میں آگ پر فوراً قابو پایا جاسکے (انقلاب ۶/۵/۴۲)

— گورنمنٹ ہند نے اعلان کیا ہے کہ اگر مرکزی گورنمنٹ یا صوبائی حکومت کی رائے میں برطانوی ہند کی حفاظت امن عامہ کے تحفظ۔ جنگ جاری رکھنے یا لوگوں کی زندگی کیلئے ضروری اشیا اور ذرائع آمد و رفت کو قائم رکھنے کیلئے اس بات کی ضرورت ہو تو وہ حکومت ایک تحریری حکم کے ذریعہ منقولہ یا غیر منقولہ جائداد پر قبضہ کرسکتی ہے۔ مسجد۔ مندر وغیرہ عبادت گاہیں اس سے مستثنیٰ ہیں۔ (انجام ۲۸ ۴/۴۲ء)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔